غذائی علاج میں ایک مٹھی املی (tamarind) ایک لٹر نیم گرم پانی میں اچھی طرح گھول کر، املی کے بیج نکال کر، اس محلول کو چھان کر اس میں ایک ٹیبل اسپون براؤن شوگر یا پسا ہوا گڑ شامل کر کے صبح ناشتے کے بعد سے رات سونے سے پہلے تک پورا ایک لٹر وقفے وقفے سے دن بھر میں استعمال کرلیں، اس غذائی علاج میں ایک دن کا وقفہ ضروری ہے یعنی ایک دن ناغہ کیا جائیگا اور ایک دن اس غذائی دوا کا استعمال کیا جائیگا، اس غذائی علاج کے دوران خون پتلا کرنے والی (blood thinner) کوئی بھی دوا استعمال کرنا سخت نقصان دہ ثابت ہوگا

دھماسا بوٹی (fagonia) کا پاؤڈر ایک ٹیبل اسپون روزانہ صبح دوپہر رات کھانے اور ناشتے سے ایک گھنٹہ قبل نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کرنا جگر کی چربی (fatty

(liver سمیت جگر کی تمام بیماریوں، ہیپاٹائٹس، ہیپاٹائٹس بی، سی کا مکمل علاج ثابت ہوتا ہے

نوٹ :- مذکورہ بالا تمام علاج میں سے کوئی بھی علاج جاری رکھ کر بیماری سے پوری طرح شفایاب ہونے تک ہر مہینے ٹیسٹ کرا کر چیک کرتے رہیں، شفایاب ہونے پر علاج بند کردیں، مذکورہ بالا پیش کردہ تمام غذائی اور ادویاتی علاج کے کوئی برے ضمنی اثرات (side effects) نہیں ہیں

۔ *** میڈیسن کے سائیڈ ایفیکٹ۔ اور ان کا تریاق۔۔*****عابد راؤ ۔۔۔**

مختلف طریقہ علاج کی میڈیسن کے جہاں فائدے ہوتے ہیں۔تو دوسری طرف کچھ نقصانات بھی ھوتے ہیں۔لیکن تکلیف کی حالت میں لاعلمی یا مجبوری میں میڈیسن تو استعمال کرنی پڑتی ہیں۔ تو سوچا کہ آج میڈیسن کے سائیڈ ایفیکٹ دور کرنے کی لیئے میڈیسن لکھ رہا ھوں ممکن ہے

اس سے کسی کا فائدہ ھو جائے۔ اور معالجین حضرات سے عرض ہے کہ میرا تو یہ طریقہ ہے کہ جب بھی کوئی کرانک مریض آتا تو سب سے پہلے یہ میڈیسن ضرور دیتا ھوں اور بعض دفعہ تو اس کے علاوہ دوسری میڈیسن دینے کی نوبت ہی نہی آتی اور مریض بہتر ھونا شروع ھو جاتا ہے۔ اب اصل بات کی طرف آتے ہیں۔

اگر کسی نے ایلوپیتھک یعنی انگریزی میڈیسن کا بے تحاشہ استعمال کیا ھو تو نکس وامیکا 1m یا cm کی صرف دو خوراک دے دیں۔

اگر کسی نے حکمت کی بہت سی میڈیسن لیں ھوں تو کاربوویجی کی 1m.cm کی درخواست کھلا دیں۔

اگر کسی نے سٹیرائیڈز کا بہت استعمال کیا ھو تو ھومیو کی کارٹیسون1m کی دو خوراک دے دیں۔

اگر کسی نے ھومیوپیتھک میڈیسن کی بہت سی ادویات یا کمبینیشن لیئے ھوں تو ایلوز cm کی دو خوراک دے دیں۔

اور اگر ریڈی ایشن کے بعد کوئی مسلہ ہو رہا ہو تو فاسفورس 200 کی ایک خوراک دے دیں۔

اگر بہت زیادہ ایکسرے وغیرہ ہوئے ہوں تو ہومیو ایکسرے 1m کی دو خوراک دے دیں۔

اگر بہت زیادہ مصنوعی لائٹ سے مسلہ بنے تو۔ بیلا ڈونا یا سول ہائی پاور کی دو خوراک دے دیں۔۔

Fluoric-acid

فلورک ایسڈ یا ایسڈ فلور

پارٹ-1

تحریر و ترتیب : ڈاکٹر سید حفیظ الرحمان

فلورک ایسڈ ھمارے میٹیریا میڈیکا کی ان دواوں میں سے ایک ہے جس میں تینوں میازم یکجا ملتے ہیں .

ہومیو پیتھک طریق علاج وہ منفردطریقہ علاج ہے جو مرض کی بجائے مریض کے گرد گھومتا ہے . ہر مریض نہ صرف جسمانی ساخت اور خدو خال کے لحاظ سے منفرد ہوتا ہے بلکہ اپنی شخصیت اور عادات و اطوار کے لحاظ سے بھی انفرادیت کا حامل ہوتا ہے . چنانچہ ہر ہومیو پیتھک معالج کو مریض کو سر سے پاوں تک , دل و دماغ کے نہاں خانوں سے ظاہری تاثرات تک کھنگالنا پڑتا ہے .

فلورک ایسڈ کی پروونگ نے ثابت کیا کہ اسکی علامات یکا یک نہیں بلکہ کافی دیر سے پیدا ہوتی ہیں . اس میں انحطاط آہستہ آہستہ اور دیر سے آتا ہے .

اپنے دور انحطاط سے پہلے , حالت صحت میں جسمانی لحاظ سے فلورک ایسڈ خاصے سخت جان ہوتے ہیں , ان میں کافی انرجی ہوتی ہے . یہ لگاتار , بلا تکان محنت مشقت کر سکتے ہیں . گرمی , سردی کی شدت کو بھی بخوبی برداشت کر لیتے ہیں . حالانکہ یہ گرم مزاج ہوتے ہیں . تھوڑی سی محنت سے انکے جسم گرم ہو جاتے ہیں اور انہیں اپنے

روئیں روئیں سے گرمی اور تپش. نکلتی محسوس ہوتی ہے
.

ذھنی اور جذباتی لحاظ سے یہ طبعا" انتہائی خود غرض , خود پسند اور عیاش طبع ہوتے ہیں .

حاکمانہ اور جابرانہ مزاج رکھتے ہیں . لگژری زندگی پسند کرتے ہیں . برانڈڈ اشیاء پسند کرتے ہیں , قیمتی لباس زیب تن کرتے ہیں .

ان میں نگر نگر گھومنے پھرنے کا شوق بھی پایا جاتا ہے .یہ متحرک رھنا پسند کرتے ہیں .اسی لیے کسی بھی کام سے جلد بور ہو جاتے ہیں . اور تبدیلی چاھتے ہیں .

انکے اندر حرکت کیلیے اکساہٹ پائی جاتی ہے .جو انہیں متحرک رہنے پر مجبور کرتی ہے . آپ دیکھتے ہیں کہ انکی حرکات و سکنات میں تیزی پائی جاتی ہے. یہ تیز چلتے ہیں , تیز بولتے ہیں . تیزی سے کھاتے پیتے ہیں .

اخلاقی اور سماجی اقدار انکے نزدیک کوئی اھمیت نہیں رکھتیں .اپنی سفلی خواھشات کی تکمیل کے لیے یہ ہر طرح کی آزادی کے خواھاں ہوتے ہیں .

لوگوں سے وسیع تعلقات بناتے ہیں لیکن انکے تعلقات صرف اور صرف ذاتی مفاد پر مبنی ہوتے ہیں . کسی سے انہیں قلبی لگاو نہیں ہوتا . حتی کہ اپنے والدین , اپنی بیوی بچوں سے بھی نہیں . ان سے وفا , ایثار یا قربانی کی توقع نری حماقت ہے . تعلقات ختم کرنے میں فلورک ایسڈ ذرا عار اور شرمندگی محسوس نہیں کرتے .

یہ اخلاقی , خاندانی یا سماجی ذمہ داریوں سے دور بھاگتے ہیں . اس لیے ان میں اپنے بیوی بچوں سے گہرا لگاو اور محبت نہیں ہوتی .

اگر آپ انکی نجی زندگی میں جھانک سکیں تو آپ دیکھیں گے کہ یہ اپنوں سے دور اور گریزاں ہی رھتے ہیں انکے زیادہ تر تعلقات غیروں سے ہی ہوتے ہیں .

چونکہ یہ عیاش طبع اور شہوانی جذبات سے مغلوب ہوتے ہیں اس لیے یہ ہمیشہ اپنی جنسی تسکین کے لیے موقع کی تاڑ میں رہتے ہیں .خود پر کنٹرول کرنا انکے لیے ناممکن ہوتا ہے . اس معاملے میں یہ کسی کی روک ٹوک اور وعظ , نصیحت کو خاطر میں نہیں لاتے .

انکی آوارہ , شہوت اور ہوس پھری نظریں ہمیشہ شکار کی تاڑ میں رہتی ہیں . گلیوں , بازاروں اور اڑوس پڑوس کی خواتین انکی بے لگام جنسی خواھش کا نشانہ بنتی رھتی ہیں . لیکن انکی ہوس ہے کہ ختم ہونے میں نہیں آتی . جنس مخالف سے انکے تعلقات صرف ہوس پر مبنی ہوتے ہیں -

یاد رہے کہ یہ بات فلورک ایسڈ خواتین پر بھی لاگو ہوتی ہے .

اسی عیاش طبع کی وجہ سے یہ شراب نوشی کی طرف بآسانی مائل ہو جاتے ہیں .

فلورک ایسڈ ایک تباہ کن دوا ہے . چنانچہ ہم اسمیں اخلاقی سماجی , جذباتی ذھنی اور جسمانی ہر سطح پر تباہ کن اثرات دیکھتے ہیں .

Antium crud....

انٹم کروڈم ۔فربہے بدن بچوں اور بوڑھوں کی دوا ہے ۔۔جو کہ ہمشہ چڑچڑے پن اور بدہضمی کا شکار ہو ۔۔بھرپور اور پیٹ بھر کر کھانے سے ۔خصوصا گوشت ۔اچار ۔سرکہ وغیرہ ۔کے بداثرات ۔اور پیدا شدہ تکالیف ۔انٹم کروڈ کو ہی طلب کرتے ہیں۔ٹھنڈے پانی میں نہانے سے آنے والی تکالیف ۔مثلا بندش حیض۔بخار ۔جوڑوں کا درد وغیرہ ۔۔۔اسی طرح شدید گرمی ۔گرم موسم اور آگ کی تپش کے قریب کام کرنے سے ہونے والی تکلیف میں بھی اکیسری دوا ہے۔۔مریض اس حد تک چڑچڑاپن کا شکار ہوتا ہیکہ کسی سے بات کرنا ۔کسی کا چھوا جانا ۔حتی کہ دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتا ۔۔بدہضمی کے ساتھ چڑچڑاپن۔بدہضمی کے ساتھ جوڑوں کا درد ۔بدہضمی کے ساتھ ۔حیض کی کثرت ۔یا نامردی سب انٹم کروڈ کو طلب

کرتی ہیں۔۔مریض کو کھبی دست یا کھبی قبض ہوتا رہتا ہے ۔بواسیر میں مقعد رستا رہتا ہے ۔

گردوں کے امراض سے بچنے کے طرییقے اور گردوں کی بیماریوں کا ہومیوپیتھک علاج.

۔ جسم میں پانی کی شدید کمی کے نتیجے میں گردے خون میں موجود زہریلے مواد کو فلٹر کرنے سے قاصر ہوجاتے ہیں ۔

۔ جس سے جمع ہونے والا فضلہ گردوں کے فیل ہونے کا باعث بن جاتا ہے ۔

۔ دن بھر میں مناسب مقدار میں پانی کا استعمال گردوں کے امراض کے نتیجے میں موت کے خطرے کو ٹال سکتا ہے.
گردے کے امراض کا ہومیوپیتھک علاج.

1. ایلسیرم.

2. یوریا.

3. آرسینک البم.

.4 اپیس ملیفیکا.

.5 زنجیبر.

.6 مارفینم.

.7 بربرس ولگرس.

تمام ادویات علامات اور کیس کی نوعیت کے مطابق استعمال ہوتی ہیں. ہومیوپیتھک طریقہ علاج بے ضرر ہے. ڈاکٹر سید انجم رضا.

escherchia germ ......The urethra is the tube carrying urine from the bladder to outside your body. According to the National Kidney Foundation, 80 to 90 percent of UTIs are caused by a bacteria called Escherichia coli .((E. coli

ایک بیکٹیریا کے ایک گروپ کو کہتے ہیں جو عام طور پر صحت مند لوگوں کی آنت میں رہتا ہے۔ تاہم ، کچھ تناؤ ہاضمہ ، پیشاب کی نالی یا جسم کے بہت سے دوسرے حصوں میں انفیکشن کا سبب بن سکتے ہیں۔ ای کی وجہ سے آنتوں کی بیماریوں کے لگنے کا اندیشہ بھی ہو سکتا۔انسانی جسم کے اندر متعدد اقسام کے جراثیم پائے جاتے ہیں جو کئی طرح سے ہمارے لیے فائدہ مند ہوتے ہیں۔ انہی میں سے ایک قسم ای کولی کہلاتی ہے۔ یہ خردبینی جان دار انسانوں اور جانورونکی آنتوں میں موجود ہوتے ہیں۔

اس کی بیشتر اقسام بے ضرر ہوتی ہیں یا محض ہلکے اسہال کا سبب بن سکتی ہیں، تاہم کچھ بے حد خطرناک اور مہلک ہوتی ہیں جیسے ای کولی۔ اس قسم سے تعلق رکھنے والے جراثیم کی وجہ سے پیٹ میں سخت مروڑ اٹھتے ہیں، خونی پیچش شروع ہوجاتی ہے اور قے ہونے لگتی ہے۔

ای کولی کے انفیکشن سے متأثر ہونے والے صحت مند بالغ افراد عام طور پر ایک ہفتے میں مکمل تندرست ہوجاتے ہیں، تاہم چھوٹے بچے اور معمر افراد کے گردے ناکارہ ہوجانے کا خطرہ ہوجاتا ہے جس کے نتیجے میں موت بھی واقع ہوسکتی ہے۔

علامات

ای کولی انفیکشن کی علامات جسم میں اس بیکٹیریا کے فعال ہوجانے کے تین سے چار روز کے بعد نمودار ہونے لگتی ہیں، اگرچہ متأثرہ فرد پہلے ہی روز خود کو بیمار محسوس کرنا شروع کردیتا ہے۔ اس کی علامات میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

*** شدید یا ہلکے دست آنا، بعض اوقات ان میں خون کی آمیزش بھی ہوتی ہے۔**

*** پیٹ میں درد اور مروڑ اٹھنا۔**

*** بعض افراد کو قے اور متلی بھی ہوتی ہے۔ اگر خونی پیچش ہورہی ہو تو فوراً ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے۔**

اسباب

ای کولی کی متعدد اقسام میں سے صرف چند اسہال کا باعث بنتی ہیں۔ ان جراثیم کا ایک گروپ جس میں O157:H7 بھی شامل ہے، ایک طاقت وَر زہر خارج کرتا ہے جو چھوٹی آنت کی اندرونی جھلی کو نقصان پہنچاتا ہے جس کی وجہ سے دستوں میں خون آنے لگتا ہے۔ بیماریاں پھیلانے والے

دوسرے جراثیم کے برعکس ضرر رساں ای کولی اگر محدود تعداد میں بھی جسم میں داخل ہوجائیں تو انفیکشن پھیلا دیتے ہیں۔ یہ نیم پکی ہوئی خوراک یا آلودہ پانی میں شامل ہوکر جسم میں داخل ہونے میں کام یاب ہوجاتے ہیں۔

اگر چھوٹے بچوں کو پھیپھڑوں کی خرابی کی وجہ سے سانس کی تکلیف (دمہ)ہو تو ipeacac

ایک فورا اثر کرنے والی چوٹی کی دوا ہے جس کے استعمال سے بچوں کے دمہ میں بہت جلد سانس بحال ہو جاتا ہے اور دوسرا اس کا فائدہ یہ کے جب حمل ہوتا تو کچھ عورتوں کا دل بہت خراب ہوتا وہاں بھی اس کے بہت فائدے دیکھے گیے ہیں،باقی آپ کچھ مشورہ دینا چاہتے ہیں تو آپ بھی کمنٹس باکس میں نیچے لکھ سکتے ہیں.

Succinum Dilution is a homeopathic remedy that controls the fear of trains and closed places and sometimes fear of all the crowded

places. It has an effective impact on eyes, nose, throat, stomach, stool and anus, complications with female sexual organs, and respiratory .organs

جب آپکو لگے ہجوم یا بند جگہوں سے خوف پیدا ہوتا تو اس میڈیسن کی ایک ڈوز لیں کے دیکھیں

گرمی دانے (پت) اور سلیشیا

پیپ جیسے سفید رنگ کے گرمی دانے

✍🌐*تحریر۔ ڈاکٹر محسن چدھڑ*🌐

گرمی کے موسم میں اکثر لوگوں کو جسم پر گرمی دانے نکل آتے ہیں

خاص طور پر ان لوگوں کو جو دھوپ ہبس میں کام کرتے ہیں

گرمی دانے ان لوگوں کو بھی زیادہ نکلتے ہیں جو گرمیوں میں پانی کا استعمال کم کرتے ہیں اور گرم چیزوں کا استعمال زیادہ کرتے ہیں

گرمی دانوں کا بہترین اور فوری علاج جو صرف دو دن میں گرمی دانوں کو ختم کر دیتا ہے وہ ہے

سلیشیا 1M

Silicea 1M

کی ایک ڈوز سے گرمی دانے ختم ہو جاتے ہیں

پندرہ سال تک کے بچوں کو سلیشیا 200 کی ایک ڈوز دیں

نوٹ۔ گرمی دانوں میں اگر ڈنگ لگنے جیسی چبھن ہو تو ایپس میلیفیکا 200 ایک ڈوز دیں

اگر سرخی اور چبھن ہو تو ایپس میلیفیکا +بیلا ڈونا 200 دیں

ارجنٹم نائٹریکم Argenitum Nit
نائٹریٹ آف سلور یعنی کاسٹک۔
ارجنٹم نائٹریکم کا مرکزی تصور یہ ھے کہ اس کا مریض ایسا شخص ھوتا ھے جو کہ دماغی طور پر کمزور ھوتا ھے اور اسکے جذبات اس کے دماغ پر حکومت کرتے ھیں خاص کر جب اس کو کسی مقابلے کا سامنا ھو اسی لیے یہ ہر اس کام پر آمادہ ھو جاتا ھے جس کو اس کا دل قبول کرے یہی وجہ ھے کہ یہ لوگ بعض اوقات بہت مضائقہ خیز خیالات کے زیر تسلط ھوتے ھیں جن کا نہ سر ھوتا ھے نا پیر مثلاً مریض جب کسی بلند جگہ پر ھو یا کھڑکی کے قریب ھو تو اس میں کود جانے کی شدید خواہش پیدا ھو جاتی ھے لیکن پھر اچانک جھٹکے سے وہ اپنے ان خیالات سے باہر آ جاتا ھے جب مریض کسی گلی میں سے گزر رھا ھو تو بلند

عمارتیں دیکھ کر اس میں خوف پیدا ہو جاتا ھے کہ وہ اس پر گر نہ پڑیں اس لیے اس دوا میں بلند جگہوں اور بلندی کا خوف بھی پایا جاتا ھے
ایسے لوگ جو pro active یعنی فعال لوگ جو اپنا کام قبل از وقت کرنے کے عادی ہوتے ھیں انکی دوا ھے لیکن انکا مسئلہ یہ ھوتا ھے کہ اگر انہوں نے کہیں جانا ھو تو وقت سے پہلے ھی انکی جان پر بن جاتی ھے اور رات بھر اپنی تیاری کرتے رھے گے اور چھوٹی موٹی اہم اور غیر اہم اشیاء سے بھیگ بھر لیں گے پھر بھی انکی تسلی نہیں ھوتی کہ کوئی ضروری چیز رہ نہ گئی ھو پھر اپنی گاڑی کو چیک کریں گے ٹائیر چیک کریں کہ کہیں ھوا کم تو نہیں پٹرول چیک کریں گے کہیں پٹرول کم نہ ھو اسی طرح یہ پوری رات جاگ کر گزار دیتے ھیں.
مرفی ریپرٹری میں Anticipation روبرک میں ارجنٹم نائٹریکم کو گریٹ ون میں رکھا گیا ھے Anticipation پیش بینی یا قبل از وقت آنے والے مسائل کو کہتے ھیں اس کے مریض کا چونکہ دماغ کمزور ھوتا ھے اور جذبات تیز

ہوتے ھیں میرے خیال میں اس لیے وہ قبل از وقت بیمار پڑ جاتا ھے جب اس نے کہیں جانا ہو کوئی compitition ہو stage پہ کچھ perform کرنا ہو اس میں اس وقت شدید بے چینی شروع ھو جاتی ھے.

(anxiety from an upcoming engagement) اسی وجہ سے اس میں stage fright سٹیج کا خوف پایا جاتا ھے اس دوا کے مریض جب بیمار ھوں تو ان میں موت کا خوف شدید پایا جاتا ھے.

predict the time of death(یعنی مریض اپنی موت کے وقت کی پیشن گوئی کرتا ھے) ایکونائٹ ایگنس کاسٹس. اس دوا کی دیگر key Symptoms کچھ اس طرح کی ھوتی ھیں دماغی کیفیت عجیب غریب ھوتی ھے شروع سے آخر تک مریض میں ایک خاص قسم کا ڈر اندیشہ اور خدشہ پایا جاتا ھے اس لیے سٹیج پر جانے پر یا کسی مقدس مقامات پر جانے سے مریض کو اسہال شروع ھو جاتے ھیں اس دوا کے دست عموماً کٹے ھوئے باریک گھاس کی طرح جو کچھ دیر پڑے رہنے پر سبز ھو جائیں). اونچی

عمارتیں دیکھنے سے چکر آتے ھیں پل پر گزرتے وقت اسے پل پر سے پھاندنے کی نہ رکنے والی خواہش ہوتی ھے مریض بہت تیز چلنے پر مجبور ھوتا ھے (لیلیم ٹگ) آنکھوں کی لاجواب دوا ھے آشوب چشم روشنی برداشت نہ ھو آنکھوں میں سرخی جیسے گائے کے کچے گوشت کا رنگ ھوتا ھے آنکھوں میں روہیں کیچڑ اور گرم کمرے میں تکلیف بڑھے.

مریض میں میٹھا کھانے ک نہ رکنے والی خواہش پائی جاتی ھے.

معدہ کے امراض اگر ڈکار ایسا ھو جیسے پٹاخہ پھوڑا گیا ھے تو یہ زبردست دوا ھے معدہ کی تکالیف کے ساتھ گیس کے اخراج کی زیادتی.

عورتوں میں جماع کے بعد شرمگاہ سے جریان خون ھوتا ھے مردوں میں جماع کے وقت شہوت میں کمی ھو جاتی ھے حالانکہ پہلے وہ ٹھیک ھوتے ھیں.

کمی و زیادتی مرض گرمی اور گرم کمرے میں مرض بڑھ جاتا ھے اور کپڑے اتارنے سے بھی مرض بڑھ جاتا ھے

جبکہ گرم گرم چیزیں پینے سے تکالیف کم ہو جاتی ہیں ٹھنڈی کھلی ہوا اور ٹھنڈے پانی سے نہانے سے تکالیف میں کمی ہوتی ہے ٹھنڈی غذا کھانے سے تکلیف میں اضافہ ہوتا ہے رات کے وقت مریض کی علامات زیادہ ہو جاتی ہیں دن کے آدھے حصے میں کھانسی کی زیادتی اور رات کے آدھے حصے میں دستوں کی زیادتی جاگنے پر علامات بڑھ جائیں تکلیف کا خیال کرنے سے تکلیف بڑھتی ہے گاڑی میں چڑھنے سے تکلیف بڑھتی ہے کس کر پٹی باندھنے سے درد سر کو آرام ہوتا ہے نیٹرم میور آرسنکم پلساٹیلا کلکریا کارب سیپیا لائیکو پوڈیم سلیشیا رسٹاکس فاسفورس سلفر اور دودھ سے اس دوا کا اثر ذائل ہو جاتا ہے کافیا کے ساتھ یہ دوا نہیں دی جا سکتی کیونکہ یہ دوا کافیا کے ساتھ دینے سے سر کے درد کو بڑھا دیتی ہے لائیکو پوڈیم اسکے بعد خاص کر گیس میں اچھا کام کرتی ہے طاقت 30 سے cm تک....

...Merc sol

مرکسال

(تحریر و ترتیب : ڈاکٹر سید حفیظ الرّحمٰن)

مرکسال ہومیو پیتھک طریق علاج کی کثیر الاستعمال دوا ہے . یہ ان دواوٴںمیں سے ایک ہے جسکی پروونگ ہانیمن نے خودکی تھی . مرکسال اور مرک وائیوس کی علامات ایک جیسی ہیں ، عمومی پریکٹس میں زیادہ تر مرکسال ہی مستعمل ہے . زیر نظر مضمون میں ہم مرکسال کی صرف اہم ترین خصوصیات اور ان چیدہ چیدہ علامات کا ہی ذکر کریں گے ،جو انتخاب دوا میں اہمیت کی حامل ہیں ۔سب سے پہلے ہم پارے کا زہر چڑہنے سے جو علامات پیدا ہوتی ہیں ان کا جائزہ لیتے ہیں ۔پارے کے زہر کے زیر اثرمنہ میں زخم بن جاتے ہیں رال بکثرت پیدا ہونے لگتی ہے ، مسوڑھے پھول جاتے ہیں ،منہ میں دھات سا ذائقہ ، دانت ڈھیلے ہو کر گرنے لگتے ہیں ، جگر میں سوجن آجاتی ہے ،معدہ امعا ءکی سوزش کے با عث پیٹ میں مروڑ جلن ، اینٹھن اور بار بار سکیڑ پیدا ہوتا ہے جو پاخانے کی حاجت پیدا کرتا ہے .

پیچش یا پیچش نما دست آنے لگتے ہیں ۔ پاخانے میں میوکس اور خون خارج ہوتا ہے ۔ مقعد میں تشنجی سکڑن کے باعث اجابت کھل کر نہیں ہوتی اور حاجت بنی رہتی ہے، مریض پاخانے میں بیٹھا زور لگاتا رہتا ہے لیکن حاجت ختم ہونے میں نہیں آتی ۔ پیشاب میں پروٹین خارج ہونے لگتی ہے بسا اوقات پیشاب بند ہو جاتا ہے۔ اجزائے خون ، لمفاوی غدود ،غشاوی جھلیاں ۔ جگر اور دماغ و اعصاب بری طرح متاثر ہوتے ہیں ۔ بر وقت مناسب علاج نہ ہونے کے باعث یہ علامات مزمن صورت اختیار کر لیتی ہیں ۔مندرجہ بالا علامات کے علاوہ مریض سردی گرمی ہر دو سے ذکی الحس ہو جاتا ہے۔ اسکی ہڈیوں میں درد رہنے لگتا ہے جو کہ سطحی ہوتا ہے ۔ یہ دردیں رات کے وقت شدت اختیار کر جاتی ہیں ۔ دماغ و اعصاب جواب دینے لگتے ہیں مریض کی یاد داشت کمزور ہو جاتی ہے ، شدید اعصابی کمزوری کے باعث اعضاءمیں رعشہ ، جگر کی خرابی کے باعث ورم سوزش اوریرقان ،خون میں معیار اور مقدار ہر دو لحاظ سے فاسد تبدیلیاں پیدا ہو جاتی ہیں ، خون میں جمنے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے ۔

سفید ذرات خون کی خرابی کے باعث متعدی بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کی کمی ۔ سرخ ذرات خون کی تباہی کے باعث خون کی شدید کمی اور بافتوں میں ورم آجاتا ہے ۔
مرکسال کے زہریلے اثر کے باعث گردے سکڑ جاتے ہیں ۔
اور جلد پر سطحی زخم بننے لگتے ہیں اور پھوڑے پھنسیاں ، داد چنبل اور ایکزیما جیسی علامات پیدا ہونے لگتی ہیں ۔
امراض کے حوالے سے دیکھیں تو امراض کی ایک طویل فہرست نظر آتی ہے جو جو مرکسال کے حلقہءاثر میں آتے ہیں ۔ یہاں ایک اصولی اور اہم بات خاص طور پر قابل ذکر ہے وہ یہ کہ ہومیو پیتھی میں امراض کا تصور بہت منفرد ہے ۔
ہومیو پیتھک میں مستعمل ہر دوا ایک مرض ہے ۔ مریض کی ہر علامت اس مرض کا ایک جزو ہے ۔ آسان لفظوں میں یوں کہیے کہ جس شخص کے لیے برائی اونیا تجویز کی جاتی ہے اسکے مرض کا نام برائی اونیا ہے ۔ جسکے لیے
مرکسال درکار ہے اس کے مرض کا نام مرکسال ہے علٰی ھذ القیاس ۔ ایلو پیتھک طریق علاج میں مریض کی غیر طبعی عضویاتی علامات کے مجموعے کا نام مرض ہے ۔مثلاً

برونکائی کی سوزش کا نام برونکائٹس ، نیفرون کی سوزش کا نام نیفرائیٹس ، پیریکارڈیم کی سوزش پیری کارڈائیٹس ، اسی طرح نمونیہ ، ٹائیفائیڈ ، استھما وغیرہ ۔ہو میو پیتھک سائنس اسے غیر عقلی اور غیر منطقی قرار دیتی ہے ۔ ہو میو پیتھ ان اصطلاحات کو محض تفہیم مطلب کی خاطراستعمال کرتے ہیں ، برونکائیٹس اگر ایک مرض ہوتا تو اسکی ایک ہی دوا ہوتی جبکہ ایسا نہیں ہے ہو میو پیتھک طریق علاج میں نام نہاد برونکائٹس کے دس مریضونکی دس مختلف دوائیں ہوتی ہیں ۔ ہومیو پیتھک کی ہر دوا مخصوص سنڈرومز کی حامل ہے اور انہی کا شافی علاج ہے ۔ اسلیے ہو میو پیتھ کو امراض کے نام وضع کرنے کی ضرورت ہی نہیں ۔ اسکی ہر دوا ہی ایک مرض کی تفصیل ہے ، اور دوا کا نام ہی اس تفصیل کا عنوان اور مرض کا نام ہے ۔

ایلو پیتھک اور دیگر طریق علاج صرف پتھالوجیکل تبدیلیاں دیکھتے ہیں ،ان تبدیلیوں کے مجموعے کو ایک نام دے دیتے ہیں جسے مرض کہتے ہیں ۔ ہو میو پیتھک مریض کی پوری شخصیت کو دیکھتے ہیں ۔اور اس مریض کا علاج

کرتے ہیں جسمیں مرضیاتی تبدیلیاں پیدا ہوئی ہیں ۔ مثلاً ایلو پیتھک میں علاج کا مرکزی نکتہ یہ ہے کہ برونکائی کی سوزش کو کیسے درست کیا جائے ۔ ہو میو پیتھک کی مرکزی سوچ یہ ہے کہ اس مریض کو کیسے ٹھیک کیا جائے جسکے نظام کی کمزوری کے باعث برونکائی میں سوزش ہوگئی ہے۔اب ظاہر ہے کہ ہو میو پیتھ ان کمزوریوں اور رخنوں کو تلاش کرے گا جنکے باعث یہ عارضہ لاحق ہوا ۔ پھر انکی اصلاح کی تدبیر کرے گا ۔نظام جسم کی اصلاح اور تقویت سے نہ صرف یہ عارضہ دور ہو جائے گا بلکہ دیگر بیماریوں کا امکان بھی ختم ہو جائے گا ۔ اس نقطہءنظر سے دیکھیں تو مرض کی درست تشخیص ہی صحیح دوا کا انتخاب ہے ۔۔ ایلو پیتھک اور دیگر طریقہائے علاج میں کسی ظاہری علامت یا مجموعہ ءعلامات کا کیا نام ہے اسکی اتنی اہمیت نہیں ہے ۔ ہو میو پیتھک کے لیے اہمیت اس بات کی ہے کہ اس نے اپنی سائنس ، منطق اور فن علاج کے اصولوں کے مطابق مرض (دوا) کی درست تشخیص کی ہے یا نہیں۔

اب اس زاویہ نگاہ سے مرکسال کو دیکھیں کہ وہ مریض کیسے ہوتے ہیں جنہیں ایسے عارضے لاحق ہوتے ہیں جنکے غیر ہو میو پیتھک ناموں کی مختلف کتب مینطویل فہرستیں دی گئی ہیں

مرکسال کے مریض ذہنی طور پر سست ہوتے ہیں ۔ان سے آپ کوئی سوال کریں تو جواب کے لیے انہیں دماغ پر زور ڈالنا پڑے گا مریض سوال کا جواب بہت سست روی سے دیگا

۔

انکے ذہن پر بیماری کی اذیت چھائی ہوتی ہے ۔ اپنی تکلیف کے بارے میں بہت پریشان ہوتا ہے ۔ شدید حالتوں میں اپنی بیماری کا حال اتنی بیچارگی سے بیان کرتا ہے کہ لگتا ہے بس رو ہی دے گا ۔ تکلیف انکے چہرے سے ہویدا ہوتی ہے ۔ خون کی کمی کے باعث چہرا پیلا ، مٹی سا ، قدرے پھولا ہوا دکھائی دیتا ہے ۔ بات چیت میں تیزی نظر آتی ہے لیکن الفاظ کی ادائیگی صحیح نہیں کرپاتا ، اٹکتا ہے ۔ لگتا ہے جیسے مریض لکنت کی طرف بڑھ رہا ہے کام کاج میں بھی عجلت

سے کام لیتا ہے ، جیسے پیچھا چھڑانا چاہتا ہے ، اسلیے کوئی کام سلیقے سے سر انجام نہیں دے پاتا ۔ بیماری کے باعث طبیعت میں پریشانی اور اضطراب نمایاں ہوتی ہے ۔ مریض کی قوت مدافعت جواب دے جاتی ہے ۔ مختلف قسم کی انفیکشنز مریض کی جان نہیں چھوڑتیں ۔ زکام شروع ہو گیا تو جانے کا نام نہیں لیتا ، یہ نیچے کی جانب بڑہتا ہے اور پورے نظام تنفس کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے ۔ گلے کی سوزش بار بار ہوتی رہتی ہے یا مستقل گلا خراب رہنے لگتا ہے ۔ اکثر انفیکشنز مزمن صورت اختیار کر لیتی ہیں ۔ یہ صورت حال مریض کے لیے ازحد پریشان کن ہوتی ہے ۔ وہ اکثر انٹی بائیو ٹکس کھاتا رہتا ہے ۔ لیکن یہ انفیکشنز کچھ عرصے کے بعد پھر نمو دار ہو جاتی ہیں ۔ مریض سمجھتا ہے کہ اسکا مرض بڑھ رہا ہے اسکا صحیح علاج نہیں ہو پارہا ،مریض کی ذہنی اور جسمانی صحت کا دیوالیہ نکل جاتا ہے ۔ ڈیپریشن مایوسی ، اینگزائٹی اسے خود کشی پر بھی آمادہ کر سکتی ہے ۔ بسا اوقات شدید غصہ ، طیش میں قتل کردینے کی خواہش پیدا ہو جاتی ہے ۔

اعصابی در ماندگی ، توانائی کا فقدان ، اعصابی کمزوری کے باعث اعضاءکانپتے ہیں ، سر ،ہاتھ ، پاؤں کانپتے ہیں ۔ یہ کپکپاہٹ ہاتھوں کی انگلیوں میں نمایاں ہوتی ہے ۔مرض بڑہنے پر یہ حالت حقیقی رعشے میں تبدیل ہو جاتی ہے ۔مریض کے لیے کھانا کھانا ، کپڑے تبدیل کرنا تک دشوار ہوجاتا ہے (پارکنسن ڈیزیز)

مرکسال کی دوسری نمایاں خصوصیت درجہ حرات کی تبدیلی سے متاثر ہونا مرکسال کی نمایاں تریں خصوصیت ہے ۔
سردی سے زکام لگنے ، گلا دکھنے اور غدودوں کی سوزش کا عام رجحان ملتا ہے۔مریض کو ٹھنڈ لگ جاتی ہے تو سردی کی سنسناہٹ پورے جسم میں محسوس ہوتی ہے ۔ مریض بستر پر لیٹتا ہے توکچھ ہی دیر میں بستر کی گرمی سے اسکا جسم اتنا گرم ہو جاتا ہے کہ وہ اوڑہنا اتار پھینکتا ہے ، مزید یہ کہ اس دوران اسکی متعدد تکالیف مثلاً ذہنی اضطراب ،خارش ، دردیں وغیرہ اور بڑھ جاتی ہیں ۔۔ اوڑہنا اتار پھینکنے کے کچھ ہی دیر میں اسے اتنی سردی محسوس ہونے لگتی ہے کہ اس پر کپکپی طاری ہو جاتی ہے وہ

اوڑہنے پر مجبور ہو جاتا ہے یہ چکر یوں ہی چلتا رہتا ہے ۔ مریض کو گرمی یا سردی کسی حالت میں سکون نہیں ملتا ۔ مرکسال کی تیسری نمایاں خصوصیت رات کے وقت تکلیف کا بڑہنا ہے ، یہ خصوصیت تمام سفلیٹک ادویات میں ملتی ہے جنمیں مرکسال نمایاں ہے ۔ رات کے وقت مرکسال کی دردیں جو کہ ریاحی ہوتی ہیں اور زیادہ تر ہڈیوں میں محسوس ہوتی ہیں ، شدت اختیار کر جاتی ہیں۔

چوتھی نمایاں خصوصیت بکثرت پسینہ آنا ہے ۔ مریض کی جلد سردی ہو یا گرمی ہر دو حالتوں میں پسینے سے گیلی ہوتی ہے ۔ یہ پسینہ متعفن اور چپچپا ہوتا ہے ۔ عموماً پسینہ آنے پر مریض کو سکون ملتا ہے ، خصوصاً دردیں کم ہو جاتی ہیں ۔ لیکن مرکسال میں اس عمومی کلیے کے بر عکس نہ صرف یہ کہ کوئی ریلیف نہیں ملتا الٹا اسکی دردینوغیرہ اور بڑھ جاتی ہیں ۔ پانچویں نمایاں خصوصیت اسکے منہ کی حالت ہے ، سانس متعفن ، لیسدار سی رال کا بکثرت پیدا ہونا ، زبان پھولی ہوئی ڈھیلی سی ، پیلی میل سے اٹی ہوئی ، اور اسکے کنارون پر دانتوں کے نمایاں نشان، مسوڑھے پھولے

ہوئے ، مسامدار ، ان سے خون یا پیپ کا اخراج ، دانتوں میں ٹھنڈی اور گرم ہر دوقسم کی غذا اور مشروبات سے تکلیف ہونا ۔ دانتوں کی جڑوں میں پھوڑے پیدا ہونا ، دانتوں کا ہلنے لگنا اور گر جانا ، مرکسال کی عام مشاہدے میں آنیوالی علا مات ہیں ۔ مریض کے منہ سے میٹھی سی گندی بو آتی ہے ، ذائقہ ناخوشگوار دھات جیسا اور کچھ میٹھا سا لگتا ہے . . منہ لعاب دہن سے تر بتر ہونے کے باوجود مریض حلق میں خشکی کی شکائت کرتا ہے ، اسے پیاس شدید لگتی ہے ۔ علامات کا یہ گروپ مرکسال کے ہرمریض میں کم و بیش ملے گا ۔ تکلیف کی نوعیت کے مطابق اسکی شدت میں کمی بیشی ہو سکتی ہے ۔ جہاں یہ علامات مو جود ہوں ، .عارضہ کیسا بھی ہو مریض کی کیفیت کم و بیش یہی یا اس سے بہت مشابہہ ہو تو ہو میو پیتھ اس مریض کے عارضے کو مرکسال تشخیص کرتے ہیں ۔ اور اسکے لیے مرکسال تجویز کرتے ہیں ۔ تشخیص و تجویز کے اس اصول کو ہومیو پیتھک اصطلاح میں اصول مماثلت کہتے ہیں مرکسال کی ان مرکزی علامات کے ذکر کے بعد مرکسال کی چند چیدہ چیدہ

خصوصیات کا ذکر کرتے ہینمرکسال معدہ و امعاءاور جگر کو نمایانطور پر متاثر کرتا ہے ۔ معدہ و امعا کی خرابی میں پیچش یا پیچش نما پاخانے خاص طور پر قابل ذکر ہیں ۔مریض کے پیٹ مینشدید مروڑ اٹھتے ہیں اور بار بار پاخانے کی حاجت ہوتی ہے ، لیکن اجابت کھل کر نہیں ہوتی تھوڑا سا میوکس اور خون آمیز پاخانہ خارج ہوتا ہے لیکن حاجت نہیں مٹتی ، مریض پاخانے میں بیٹھا بیٹھا نڈھال ہو جاتا ہے ۔ مقعد میں جلن خراش اور دکھن ہوتی ہے ۔ پاخانے کے بعد کمزوری مرکسال کی خصوصیات میں سے ہے ۔ مرکسال کے تمام اخراجات ابتدا میں تیزابی ہوتے ہیں ، زکام میں تیزابی رطوبت خارج ہوتی ہے جس سے ناک میں جلن اور خراش ہوتی ہے بعد ازاں یہ رطوبت گاڑہی اور سبزی مائل ہو جاتی ہے تو غیر خراشدار ہوجاتی ہے ۔ یہی حال ہمیں سوزاک کی صورت میں ملتا ہے ، ۔مرکسال میں ٹھنڈ لگنے کا رجحان ملتا ہے بار بار زکام ہو جاتا ہے ۔ خصوصاً موسمی تبدیلیوں کے دوران ۔ یہ زکام ہمیشہ گلے اور سینے کی طرف بڑہتے ہیں ۔ مرکسال داہنے پھیپھڑے کے نچلے حصے کو خاص طور پر

متاثر کرتا ہے ۔ اسی طرح غدودوں میں سوزش اور انمیں پیپ پرنے کا رجحان بھی مرکسال کی خصوصیات میں شامل ہے ۔ چھوٹی طاقتوں میں یہ پیپ پیدا کرتا ہے بڑی طاقتوں میں پیپ کو خشک کر دیتا ہے ۔ مرکسال کا جگر کی اہم ترین دوائیوں میں شمار ہوتا ہے ۔ جگر میں ورم اور سوزش ، سوئیاں چھبنے سے درد ، مریض داہنی جانب لیٹ نہیں سکتا ۔ بیماری کے دوران مریض کو میٹھی اور چکنائی والی غذاؤں اور گوشت سے نفرت ہو جاتی ہے ۔ آشوب چشم کے حوالے سے نہائت زود اثر دوا ہے ۔ جبکہ روشنی آنکھوں کو چبھے ، مریض کے پپوٹے تشنجی طور پر بند ہوں آنکھوں سے تیزابی رطوبت بہتی ہو ۔ بعد ازاں یہ رطوبت گاڑہی اور سبزی مائل ہو جاتی ہے ۔خنازیری آشوب چشم ، ککرے ۔ ویلڈنگ کرنے والوں کے آشوب چشم کی سکہ بند دوا ہے ۔ کانوں کا بہنا خصوصاً خسرے کے بعد اندرونی کان کی سوزش ۔ کان میں پھوڑا یا پھنسی ، کان سے سبزی مائل بدبودار پیپ کے اخراج جیسی تکالیف میں مرکسال وثوق سے تجویز کی جاتی ہے ۔ متعدد اقسام کے جلدی عوارض

مثلاًخارش ۔ پھوڑے پھنسیاں ، داد ، چنبل ، ایکزیما ۔جھالے ۔ نہ مندمل ہونے والے جلدی زخم ، گینگرین تکلیف کا نام کچھ بھی ہوسب کی مرکسال شافی دوا ہے جبکہ مریض مرکسال کی مرکزی خصوصیات کے حامل ہوں ۔

خواتین اور بچوں میں جنسی اعضاءکی خارش جو پیشاب لگنے سے پیدا ہوئی ہو ، پیشاب کرنے کے بعد مریضہ کو زبردست خارش ، جلن اور خراشدار درد ہوتا ہے ۔ بچے مسلسل اعضاءتناسلی کو کھینچتے اور کھجلاتے نظر آتے ہیں ، مرکسال کی چند خوراکیں ساری گڑ بڑ درست کردیتی ہیں ۔ ۔

کیا تھوجا کرونا ویکسین کو اینٹی ڈوٹ کر دیتی ہے ؟؟؟؟

ہومیو پیتھک اینٹی ڈوٹ کی حقیقت کیا ہے......

تحریر....

آج کل ایک سوال بہت چلا ہویا ہے کہ ویکسین کے بعد تھوجا دینے سے ویکسین کو تھوجا اینٹی ڈوٹ کر دیتی ہے تو پھر ویکسین لگانے کا کیا فائدہ ....

اگر ویکسین کو تھوجا اینٹی ڈوٹ کر دیتی ہے تو تھوجا کھانے والا ہر بندا پولیو چیچک خسرہ کالی کھانسی اور خناق وغیرہ کی جو ویکسین ہر انسان کو لگتی رہی ہے ان تمام بیماریوں کا شکار ہو جائے گا.........

تھوجا ویکسین کے بداثرات دور کرتی ہے..... اب اس بات کو سمجھنے کے لئے ویکسین کیا ہے یہ سمجھنا ہوگا.... کسی بھی بیماری کے جراثیم کو نیم مردہ یا غیر فعال کر کے جسم میں داخل کیا جاتا ہے تا کہ جسم کا جو قدرتی دفاعی نظام ہے وہ متحرک ہو کر جسم میں اس جراثیم کے خلاف اینٹی باڈی بنائے تو ایک آرٹیفیشل طریقے سے ویکسین کے ذریعے قدرتی نظام کو بھال کیا جاتا ہے اور قدرتی نظام اینٹی بڈی بنا دیتی ہے....

اس طرح ہومیو فلسفہ بھی امیون سسٹم کے گرد گھومتا ہے.... اسی لئے کسی بیماری میں اس بیماری کی علامات سے مطابقت رکھنے والی بیماری پیدا کرنے کی اہلیت رکھنے والی دوا کو پوٹینسی کی شکل میں دیا جاتا ہے کہ جو انسان کی قوت مدافعت ہے وہ پوٹینسی یعنی آرٹیفشل بیماری کے طور پر جسم میں داخل ہو کر انسان کی قوت مدافعت امیون سسٹم کو ایکٹو کر سکے.....

اب اگر ویکسین نے جسم میں داخل ہو کر اینٹی باڈی بنا دی ہے تو وہ اینٹی باڈی بننے کا عمل قدرتی نظام ہے تو جب ہومیو دوا بھی جسم میں داخل کی جائے گی تو وہ اس ویکسین کے وجہ سے اگر کوئی مسلہ بگاڑ غیر قدرتی طور پر پیدا ہویا ہوگا اس کو درست کرے گی یعنی اس کو قدرتی نظام پر بحال کرے گی نہ کے قدرتی نظام کو ہومیو دوا چھڑتی ہے.....

امید ہے آپ کو ہومیو فلسفہ اور دوا کے کام کا طریقے کار واضح ہوگیا ہوگا.....اور ایک بات تمام ڈاکٹرز سٹوڈنٹس

سمجھ لیں اینٹی ڈوٹ کا یہ مطلب نہیں ہوتا کے ایک دوا دوسری دوا کے اثر کو ختم کرتی ہے چاہے وہ ایلو ادویات ہوں طب یونانی ادویات چاہے ہومیو پیتھک ادویات ہوں....

ہومیو دوا کا اینٹی ڈوٹ ایسے کرتی ہے کہ جو پہلی دوا کوئی بھی ہو اس کے بد اثرات جس کی وجہ سے انسانی افعال جسم اعضا پورا سسٹم اپنے قدرتی افعال سے ہٹ گیا ہو بگڑ گیا ہو تبدیل ہوگیا ہو.....

اینٹی ڈوٹ دوا پہلی دوا کے ان تباہ کاریوں کو دور کرتی ہے اور انسانی افعال کو قدرتی سطح پر بحال کرتی ہے.... مگر پہلی دوا کا وہ عمل جو انسانی جسم پر قدرتی شکل میں اثر انداز کیا ہو چاہے ایلو ادویات ہوں یا کوئی بھی اس کو نہیں ختم کرتی.....

اسی وجہ سے ہومیو طریقہ علاج میں کوئی بھی آرٹفیشل علاج نہیں ہے کیونکہ یہ قدرتی نظام کو بحال کرتی ہے.... چاہے وہ کسی بیماری کے نتیجے میں کسی دوا کے نتیجے

میں کسی ذہنی عارضے کے نتیجے میں جسمانی نظام بگڑا ہو.....

یہ ہے اصل ہومیو فلسفہ جو آج کل زیادہ تر ڈاکٹرز نہیں سمجھتے کیونکہ یا تو وہ ایلو کی فیلڈ سے آئے ہوتے ہیں یا حکمت سے یا پھر جنہوں نے ہومیو کو سمجھا پڑھا نہیں ہوتا...... یہ فلسفہ دماغ میں بیٹھا لیں اس کی بیس پر آپ کی پریکٹس میں کام آئے گا..... کیونکہ اس فلسفے کی بنیاد پر ایک دوا دفع اثر بھی ہو سکتی ہے اور معاون بھی ہو سکتی ہے.....

🔮 🔸 *ہومیوپیتھی فرسٹ ایڈ* 🔸 🔮

منسز کی بلیڈنگ کی زیادتی اور سبائنا۔پلساٹیلا

✍️🌐*تحریر۔ ڈاکٹر محسن چدھڑ*🌐

اگر منسز کی بلیڈنگ بہت زیادہ ہو رہی ہو اور تین چار دن گزر جانے کے بعد بھی بلیڈنگ کم نہیں ہو رہی تو

پہلے

پلساٹیلا 1M

Pulsatilla 1M

کی ایک ڈوز دینے سے بلیڈنگ کم ہو جاتی ہے

اگر کسی وجہ سے بلیڈنگ کم نہیں ہوئی ہو یا پلساٹیلا ناکام ہو گئی کو تو

سبائنا 1M

Sabina 1M

کی ایک ڈوز سے مسلۂ حل ہو جاتا ہے

🔮 🔸 *ہومیوپیتھی فرسٹ ایڈ* 🔸 🔮

بات کرتے رو دینے والی عورتیں اور پلساٹیلا

✍️🌐*تحریر۔ ڈاکٹر محسن چدھڑ*🌐

اگر کو عورت مریض آپکے کلینک پر علاج کی غرض سے آتی ہے اور علامات ہسٹری دیتے وقت جزباتی ہو کر رونے لگتی ہے تو مریض کو اسی وقت دو قطرے

پلساٹیلا 200

Pulsatilla 200

کے زبان پر ڈال دیں بقیہ ہسٹری اور علامات بغیر روئے حوصلہ سے بتائے گی انشاءاللہ

پلساٹیلا کا مریض شکل سے غمزدہ شرمسار ضدی تنہائی اور اندھیرے سے ڈرتا ہے اس دوا کے مریض ہمیشہ یہ چاہتے ہیں کہ ان کے ساتھ ہمدردی پیار اور محبت زیادہ کیا جائے ایسے مریضوں کو تھوڑا سا بھی اگنور کریں اہمیت نہ دیں یا ان سے کم بولیں تو یہ مریض ہر کسی کو اپنے دکھ سنانے بیٹھ جاتا ہے اور بات کرتے رونے لگ جاتا ہے اور دلاسہ دینے پر چپ کر جاتا ہے....

..Dystonia

کسی بھی قسم کی معزوری اور یہ پیدایشی بھی ہوتی اور 40 سال کے بعد بھی فالج وغیرہ سے۔اکثر دیکھا ہو گا کچھ افراد ایسے ہوتے انکی عمر تو بہت زیادہ ہوتی پر انکا رویہ بچوں جیسا۔کزن میرج کے لئے اسی واسطے منع کیا جاتا اس میں بھی بہت زیادہ چانسز ہوتے۔ایسا مرض یہ کہوں گی اتنی

آسانی سے کیور ہونے والا نہیں اور نہ ہی میں آج تک دیکھا ہے۔

کلینکل ٹپس

آج تک سمجھ نہی آئ کیوں۔ علامات چاہے کسی دوا کی بھی ہوں میری مریض عورتوں کی پنڈلیوں کے درد کو آرام ہمیشہ کالی میور سے ہی آتا ہے۔علامات کے حساب سے کوئ بھی دوا دی ہمیشہ فیل ہی ہوئ کالی میور اکثر علامات کے بغیر بھی اثر کر جاتی ہے۔

کلینکل ٹپس

نیٹرم میور اینڈروجینز کی سکریشن کو بیلنس کرتی ہے اس لئیے ناخن چبانے والی لڑکیوں کے چہرے اور جسم کے بالوں کا بہترین علاج ہے۔

کلینکل ٹپس

سن بلوغت میں جنسی خواہش کی بھی زیادتی ہوتی ہےاور لڑکیوں کے جسم پر بال بھی زیادہ ہوتے ہیں۔ پلاٹینا نہ صرف جنسی خواہش کو اعتدال پر لے آتی ہے بلکہ جسم کے بالوں کا بھی بہترین علاج ہے۔

کلینکل ٹپس

کالی فاس اس وقت بھی مردوں میں جنسی طاقت دے جاتی ہے جب بڑھاپے میں پیشاب کی دھار مثانے پر ہی گر جاتی ہےکالی فاس اعصاب کے لئیے بہترین ٹانک ہے۔

کلینکل ٹپس

پلسٹلا ایسٹروجین ہارمون کی پیدائش بڑھاتی ہے۔ اگر عورت کو پیریڈ کھل کے نہ آتے ہو تو دو مینسز کے درمیان پلسٹلا دی جائے تو ماہواری کھل کر آجاتی ہے۔ لیکن اگر پیریڈ کے دوران پلسٹلا دی جائے تو پیریڈ بند ہوجاتے ہیں جس دن

ماہوراى آنى ہو نہ آئے تو پلسٹلا کى ایک خوراک کھلادیں۔

چند گھنٹوں میں کھل کر ماہوارى آجاتى ہے۔

کلینکل ٹپس

فائٹولیکا نہ صرف موٹاپے کو کم کرتی ہے بلکہ گندی اور کھردری جلد کو بھی نرم اور ملائم کرتی ہےموٹی خواتین کو پلسٹلا اور فائیٹولیکا صبح شام دیں موٹاپا بھی ختم ہو جائے گا اور جسم بھی خوبصورت ہوجائے گا۔

میری تمام پوسٹیں ڈاکٹر حضرات کے لئیے ہیںکوئ بھی دوا مستند ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر نہ لیں۔

کلینکل ٹپس

موٹاپے کےمریض کے اگر ٹانسلز بھی پھولے رہتے ہیں تو یہ فائٹولیکا کی علامت ہے۔ فائٹولیکا نہ صرف ٹانسلز کو

ٹھیک کرے گی بلکہ اس کا مسلسل استعمال موٹاپے کو بھی ختم کردیتا ہے۔

کلینکل ٹپس

بچے بچیاں جب بالغ ہونے لگتے ہیں تو ان میں جہاں اور بہت سی تبدیلیاں آتی ہیں شہوت بھی بڑھ جاتی ہےشہوت کو دبانے سے یا تو ان کے چہرے پر گلابی رنگ کے دانے نکل آتے ہیں یا منہ سے بو آنے لگتی ہے۔ اگر چہرے پر گلابی رنگ کے دانے نکل آئیں تو بیلاڈونا اور رسٹاکس دوا ہوتی ہے اور اگر منہ سے بو آتی ہو تو اورم مٹیلیکم سے آرام آجاتا ہے۔

کلینکل ٹپس

چہرے کے کیل مہاسوں کے لئیے بربرس ایکیہائیڈرو کوٹائل اور ایکی نیشیا کامیاب دوائیں ہیں ۔

کلینکل ٹپس

عورتوں کے پستانوں میں سوزش ہو تو برائ اونیا۔ پلسٹلا۔ لیک کین۔کلکیریاکارب یا کونیم میں سے کوئ ایک دوا دیں۔

کلینکل ٹپس

بوڑھوں کی کھانسی کو اکثر امونیم کارب یا انٹیئم ٹارٹ سے آرام آتا ہے۔اور اگر کھانسی کا مریض حقہ نوش ہو تو نکس وامیکا دوا ہوتی ہے

کلینکل ٹپس

بلغمی دمہ کا دورہ ہوتو نیٹرم سلف سے رک جاتا ہے۔

خشک دمہ کا دورہ ہو تو نکس وامیکا سے رک جاتا ہے۔

اور اگر دمہ بھی ہو اور ڈکار بھی آتے ہوں تو انٹئیم ٹارٹ اور ارجنٹم نائٹریکم دوا ہوتی ہے۔

کلینکل ٹپس

بچوں کے دمہ کی چوٹی کی دوا اپیکاک ہوتی ہے۔اور نومولود بچوں کے ہر مرض کی دوا اکثر اپیکاک ہی ہوتی ہے۔

کلینکل ٹپس

آج کل نزلہ زکام کا موسم ہےنزلے پر ایلوپیتھک دوا دی جائے تو نزلہ رک کر بچوں کی ناک بند ہو جاتی ہےنکس وامیکا اور سمبوکس بچوں کی بند ناک کھول دیتی ہے۔

کلینکل ٹپس

بچے کو مارا جائے اور رونے نہ دیا جائے تو اسے کھانسی شروع ہوجاتی ہےسٹیفی سگیریا دوا ہوتی ہے۔

کلینکل ٹپس

بچے کے پیٹ میں درد ہو یا کان میں درد معلوم کرنا مشکل ہوتا ہے بیلاڈونا اور کیموملا کا باری باری استعمال فوری فائدہ دیتا ہے۔

کلینکل ٹپس

منہ کی خشکی پر اگر برائ اونیا دی جائے تو ایک منٹ کے اندر منہ میں پانی آجاتا ہے۔

بچوں کو چھاتی میں بلغم کی وجہ سے روزانہ رات کو بخار ہوجاتا ہے کالی میور بہترین دوا ہے۔

کلینکل ٹپس

بچوں کی چھاتی کھڑکتی ہو تو اپی کاک اور انٹیم ٹارٹ آلٹرنیٹ کرانے سے بھی آرام آجاتا ہے اور فیرم فاس اور کالی میور کے آلٹرنیٹ استعمال سے بھی۔

کلینکل ٹپس

قبض بھی ہو بواسیر بھی ہو اور کمردرد بھی تو ایسکولیس ہپ اور کالن سونیا دوا ہوتی ہےحاملہ اور زچہ کو اگر قبض اور بواسیر ہو تو بھی کالن سونیا دوا ہوتی ہے۔

کلینکل ٹپس

کھانا کھانے کے بعد سانس پھولتا ہو تو کاربویج اور نکس وامیکا دوا ہوتی ہے۔

کلینکل ٹپس

جن لوگوں کو ایک رات میں کئ کئ بار احتلام ہوجاتا ہے ان کی دوا چائنا اور ایسڈ فاس ہوتی ہے۔ اگر کثرت احتلام سے کمردرد ہو تو بھی دوا چائنا اور ایسڈ فاس ہی ہوتی ہے۔

کلینکل ٹپس

سردیوں میں جلد خشک ہوجاتی ہے۔ مہنگے مہنگے لوشن خریدتے ہیں جلد کی خشکی پھر بھی ختم نہی ہوتی۔ ایک فارمولہ بتاتی ہوں یہ بنالیں ہزاروں روپے کے برانڈڈ لوشن جتنا رزلٹ دےگا اور جلد کو بلکل بچوں جیسی نرم اور ملائم کردے گا۔

روغن زیتون لگانے والا۔

روغن بادام ۔

اور ناریل کا تیل۔

سب برابر مقدار میں لے لیں اور مکس کرکے رکھ لیں۔ رات سوتے وقت چہرے اور ہاتھوں پر چند قطرے مل کے سو جائیں صبح چہرہ بلکل حشاش بشاش اور منہ اور ہاتھوں کی جلد بلکل نرم اور ملائم ہوجاتی ہے اور خشکی کا نام ونشان نہی رہتا۔

کلینکل ٹپس

حاملہ عورتوں کے گردے کے درد سوجن اور البومینیریا کی مرک کار بہترین دواہے۔

کلینکل ٹپس

زیادہ محنت والا کام کاج کرنے والوں کو اگر جسمانی اکڑاو کی وجہ سے رات کو بستر پر بے آرامی ہو اور نیند نہ آتی ہو تو آرنیکا سلا دیتی ہے۔اور اگر زیادہ محنت کرنے والوں میں ہمبستری کے وقت انتشار ڈھیلا ہو تو ایونا سٹیوا Q ڈامیانہ Q کے پانچ پانچ قطرے پانی میں ڈال کر لے لیں۔

کلینکل ٹپس

سبائنا اور اشوکا اپنے پرائمری ایکشن میں ماہواری کی بندش ختم کرتی ہے۔اس لئیے بانجھ پن کا بہترین علاج ہے۔

کلینکل ٹپس

حاملہ خواتین کا دانت کا درد اکثر سیپیا یا سٹیفی سیگیریا سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

کلینکل ٹپس

اعضاء تناسل کی خارش میں اکثر کیلیڈیم،کریا زوٹ۔ کینتھرس۔ میزیرم وغیرہ کامیاب دوائیں ہیں۔عورت کو جس قسم کا لیکوریا ہوتا ہے مرد کے جنسی اعضاء کی خارش بھی اسی دوا کی ہوتی ہے۔ اگر عورت کو تیزابی خارش کرنے والا لیکوریا ہوتو کریازوٹ عورت کا لیکوریا بھی ٹھیک کردے گی اور مردانہ عضو کی خارش بھی۔

کلینکل ٹپس

نئے شادی شدہ جوڑوں میں جوش زیادہ ہوتا ہے تواکثر
ماہواری کے دوران بھی ہم بستری کرلیتے ہیں۔اس سے اکثر
ان میں سوزاکی علامات پیدا ہوجاتی ہیں۔جیسے پیشاب جل کر
آنا۔ پیشاب قطرہ قطرہ آنا۔ درد کے ساتھ آنا۔ پیشاب میں خون
آنا وغیرہ ایسی حالتوں میں اکثرکینتھرس۔ ٹیری بن تھینا۔
تھوجاکیناںس انڈیکا دوائیں ہوتی ہیں۔

کلینکل ٹپس

آپ نے کئ بار سنا ہوگا کہ شادی کے دوسرے دن لڑکی اپنے
گھر چلی جاتی ہے اور بتاتی ہے کہ شوہر نامرد ہے اور
واپس آنے سے ہی انکار کردیتی ہے حالانکہ شوہر جنسی اور
جسمانی طور پر مکمل صحت مند ہوتا ہے۔ لیکن احساس
کمتری کی وجہ سے سہاگ رات کو ہمبستری میں ناکامی ہو
جاتی ہے ایسا اکثر مشت زنوں میں ہوتا ہے۔ احساس کمتری
کی وجہ سے انہیں پہلی رات بیوی کے سامنے گھبراہٹ
شروع ہو جاتی ہے اور جس کی وجہ سے جنسی اعضاء میں

تحریک نہی رہتی۔ ارجنٹم نائٹریکم ان کا اجڑتا ہوا گھر بچا سکتی ہے۔

کلینکل ٹپس

لیک کین کی چھاتیاں خوبصورت بھی ہوتی ہیں اور سڈول بھی اور ان میں دودھ بھی زیادہ ہوتا ہےلیک کین کی عورتیں موٹاپے کا علاج کرانے آئے تو یہ بات لازمی کہے گی میری چھاتیاں کم نہی ہونے چاہئیں۔

سٹافی اور لیک کین میں کریشن کے حوالے سے یہ فرق ہوتا ہےسٹافی کی عورت دبلی پتلی ہوتی ہے اور سٹافی کی کریٹ عورت کے چہرےپر کیل ہوتے ہیں اور لیک کین کی عیاش عورت کے ماتھے پر براون رنگ کی چھائیاں ہوتی ہیں۔

کلینکل ٹپس

لیک کین اور پلسٹلا کی عورتوں کی ساخت ایک جیسی ہوتی ہےدونوں موٹی ہوتی ہیں اور دونوں حریص اور لالچی ہوتی ہیں پلسٹلا عشق بھی محتاط ہوکر کرتی ہےیعنی صرف فلرٹ کرتی ہے جبکہ لیک کین فزیکلی سارا کچھ کرتی ہے۔ لیک کین حاسد ہوتی ہے اور پلسٹلا انتہائ کنجوس۔

کلینکل ٹپس

زیادہ گوری رنگت والے مضبوط جسم کے مالک افراد میں تیس سال کی عمر تک جنسی قوت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ ایک رات میں کئ کئ بار ہمبستری کرتے رہتے ہیں لیکن تیس سال کے بعد ان کے بال بھی سفید ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور نامرد بھی ہونے لگتے ہیں۔ ایسے مریض لائیکو پوڈیم کلکیریا کارب اگاری کس کے ہوتے ہیں۔

کلینکل ٹپس

سٹافی سیگریاکے نامردوں پر اس قدر شرمندگی چھائ ہوتی ہے کہ وہ خاندان کی عورتوں میں بھی نہی بیٹھ سکتے۔ رات کو بستر پر بیوی کا سامنا نہی کرسکتے اور دن کے وقت بیوی کی لوگوں کے سامنے بےعزتی کردیتے ہیں۔ مشت زنی سے جو شرمندگی نامردی اور مایوسی ان پر چھا جاتی ہے یہ اس کا پتھالوجیکل اظہار ہوتا ہے۔ شرمندگی کی وجہ سے اپنا علاج نہی کراسکتے اور اپنی گھٹن اور ناکامی کے بدلے میں اپنی بیوی پر تشدد کرتے ہیں۔

کلینکل ٹپس

سرائیکی میں جن عورتوں کو بچے گھٹ کے لقب سے نوازا جاتاہے ان کا وطیرہ ہوتا ہے کہ جس ہمسائے کے گھر جوان لڑکا ہو ان سے بہترین تعلقات بنا کر رکھتی ہیں دراصل میں وہ لڑکے کی تاڑ میں رہتی ہیں‌جب کبھی ان کے شوہر کچھ دنوں کے لئیے گھر سے باہر کہیں جاتے ہیں تو لڑکے کی والدہ سے کہتی ہیں اسے ہمارے گھر سلادو ہمیں اکیلے ڈر

لگتا ہے۔ایسی خواتین کنوارے لڑکے کو نچوڑ کے رکھ دیتی ہیں۔سن بلوغت میں جو بچے کا قد بڑھ رہا ہوتا ہے وہیں رک جاتا ہے۔اور شہوت بہت زیادہ بڑھ جاتی ہےکلکیریا فاس اور اوری گینم کے مسلسل استعمال سے قد دوبارہ بڑھنا شروع ہوجاتا ہے۔اور شہوت بھی اعتدال پر آجاتی ہے۔

کلینکل ٹپس

مشت زنوں کو اگر کوئ لڑکی ہمسائ کزن وغیرہ لفٹ کرا بھی دے تو ان میں لڑکی سے بات کرنے کی ہمت نہی ہوتی۔ بات کرنے لگیں تو دل کی دھڑکن تیز ہوجاتی ہے۔ ٹانگیں کانپنے لگتی ہیں۔ اندر کمرے میں چلا جاتا ہے۔ عجیب سی گھٹن ہوتی ہے۔ اپنے آپ پربہت غصہ آتا ہے۔ پھر خفت مٹانے کے لئیے بار بار مشت زنی کرنی پڑتی ہے۔ سٹافی سگیریا اسے اس گھٹن سے نکال دیتی ہے۔

کلینکل ٹپس

مشت زنوں کی ساری توجہ عورتوں کے جنسی اعضاء کی طرف رہتی ہے راہ چلتی عورتوں کے ہپس اور سینے کو للچائ نظروں سے دیکھتے رہتے ہیں اور ان سے جنسی لذت حاصل کرتے ہیں۔ جس سے ان کے مثانے میں گرمی ہو جاتی ہے اور پیشاب میں جلن ہونے لگتی ہے۔ کینتھرس دوا ہوتی ہے۔

کلینکل ٹپس

قدرت نے ماں کے قدموں کے نیچے جنت رکھی ہے لیکن آزمائشیں بھی زیادہ عورت کے حصے میں آتی ہیں زیادہ بچے پیدا کرنے والی ماوں کو پینتس چالیس کی عمر میں اکثر رحم میں ٹیومر ہو جاتا ہے۔اکثر اوقات اس میں سے جریان خون بھی ہونے لگتا ہے سبائنا کا مسلسل استعمال جریان خون بھی روکتا ہے اور ٹیومر بھی ختم کرتا ہے۔

<u>کلینکل ٹپس</u>

<u>اگر کسی مریض کا دل بیٹھا جارہا ہو تو فوری طور پر ایلیم سٹیوا Q کے تیس چالیس قطرے ہر دس دس منٹ بعد دیں۔ایلیم سٹیوا دل کو تحریک دیتی ہے اور کچھ نہ بھی ہو تو مریض کو ہسپتال پہنچنے تک وقت تو دے ہی دیتی ہے۔</u>

<u>کلینکل ٹپس</u>

<u>شادی کے بعد اکثر پہلا حمل ضائع ہو جاتا ہےلڑکی کو ہمبستری میں جس قدر تکلیف زیادہ ہوتی لڑکے خود کو ہیرو ثابت کرنے کے لئیے اتنا ہی زیادہ جوش دکھاتےہیںنتیجے کے طور بلیڈنگ شروع ہوجاتی ہے اور حمل ضائع ہو جاتا ہے۔ اگر فوری طور پر آرنیکا 1m دے دی جائے تو بلیڈنگ رک کر حمل بچ سکتا ہے یا اگر حمل نہ بچے تو آرنیکا پھر اندر سے صفائ سے ہر چیز نکال کر جسم صاف کردیتی ہے۔</u>

کلینکل ٹپس

ڈیلیوری کے دنوں میں اور میٹ اور کالو فائلم کا باری باری استعمال بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔ارم میٹ دل کو حوصلہ دیتی ہے اور کالو فائلم رحم کا منہ کھول کر ڈیلیوری کو آسان بناتی ہے

کلینکل ٹپس

آجکل نزلہ زکام بخار کا موسم ہے۔اکثر بچوں اور بڑوں کی ناک بند ہوجاتی ہے۔آسان فارمولہ بتاتی ہوں بچوں بڑوں جس کی بھی ناک بند ہو انشاء اللہ دو خوراکوں سے ناک کھل جائے گی۔ نکس وامیکا + سٹکٹا+ ہیپر سلف سب 200 پوٹینسی میں مکس کرکے دے دیں ۔

کلینکل ٹپس

اگر بیوی کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرنے سے بھی مردانہ جنسی اعضاء میں استادگی پیدا نہ ہو تو کلیڈیم پر توجہ دیں۔

کلینکل ٹپس

مطالعے کی کمی ہمیشہ پریکٹس میں اثر انداز ہوتی ہے۔ایک بار ایک صاحب نے مجھے سے دوا پوچھی مریض رات سوتے سوتے مشت زنی کرتا تھامیں نے علامات لیں تو کسی دواکی واضح تصویر سامنے نہ آئ۔اسکی جسامت کے حساب سے فاسفورس 1m دوا بتادی۔میرا اندازہ تھا پہلی خوراک سے ہی مریض کی سوتے میں مشت زنی کی عادت ختم ہوجائے گی لیکن دوسری پھر تیسری خوراک بھی بےسود ۔اور بھی کچھ دوائیں ٹرائ کیں کوئ فرق نہ پڑاکچھ عرصے بعد ایک ایسا ہی مریض آیا ۔اسے پانچ چھ سال سے سوتے میں مشت زنی کی عادت تھی۔میں اسکی علامات لینے کا سوچ ہی رہی تھی کہ اسکا فون آگیابات کرتے کرتے اس نے کہا تم پھر میرا کیا کرلوگے ۔میں فوراً سیدھی ہوکر بیٹھ

گئ کہ یہ تو پلاٹینا ہےپلاٹینا دوا ایک ہفتے کی بنا کر دی مریض کی سوتے میں ہمیشہ کے لئیے مشت زنی سے جان چھوٹ گئ۔

کلینکل ٹپس

اگر سوتے ہوئے مرض میں زیادتی ہو تو سلفر اور لیکسس دوا ہوتی ہے۔اگر سونے سے مرض میں افاقہ ہوتو فاسفورس اور سیپیا دوا ہوتی ہے۔

کلینکل ٹپس

ایک مریضہ کا آئسکریم کھانے سے نفاس کا خون اور دودھ دونوں آنا بند ہوگئے۔ایکونائٹ اور پلسٹلا 200 کی یکے بعد دیگرے(آلٹرنیٹ) چند خوراکیں دینے سے دودھ اور نفاس دونوں جاری ہوگئے

<u>کلینکل ٹپس</u>

<u>ٹائیفائڈ بخار کے بعد اکثر مریض کمزوری سے ہلنے جلنے کے قابل بھی نہی رہتا۔ایلو پیتھک علاج میں مریض کو گلوکوز کی بوتلیں لگتی ہیں۔ سیلینیم 200 اور کلکریا فاس 6 چند دنوں میں مریض کی ساری کمزوری دور کر کے جسم کی قوت بحال کردیتی ہے۔</u>

<u>کلینکل ٹپس</u>

<u>شراب کے شوقین ایک مریض کے دونوں گردوں میں سوزش ہوگئ ساتھ ہی پیشاب میں البومین کا اخراج ہونے لگاچہرے اور جسم پر پر اسقدر ورم تھا کہآنکھیں تک چھپ گئ تھیںمسلسل متلی و ابکائ کی کیفیت تھی۔ایلو پیتھک دواؤں سے وقتی طور پر سوزش ختم ہوتی لیکن پھر آجاتی جب میرے زیر علاج آیا تو اسکی علامات یہ تھیں۔</u>

سیاہی مائل بدبودار پیشاب آتا تھا جس میں خون کے ذرات بھی شامل تھے۔سردی کے ساتھ بخار ہوجاتا۔بھوک بلکل نہی لگتی تھی۔پیاس زیادہ۔سر میں درد۔پورے جسم پر چہرے سمیت شوزش گردوں کے مریض کی ایسی حالت ہو تو وہ کافی سیریس ہوتا ہے۔ایسی کنڈیشن میں زرا سی غلطی مریض کو موت کے منہ میں بھی دھکیل سکتی ہے۔اس لئیے انتہائ سوچ سمجھ کر دوا دینی چاہئیے۔نئے ڈاکٹرز کو تو سینئرز کے مشورے کے بغیر کیس کو ہاتھ بھی نہی لگانا چاہئیے۔میں نے اسکی متلی والی کیفیت کو مدنظر رکھتے ہووے کالچیکم 30 دی اور ساتھ ہی گردوں کی سوزش کے لئیے فیرم فاس 6 اور کالی میور 6 دی ۔ایک ہفتے کی دوا دی۔ایک ہفتے بعد سوزش کافی حد تک اتر چکی تھی گردوں میں کبھی کبھی درد کی ٹیسیں اٹھتی تھیں ۔پیشاب میں خون کے زرات آنا ختم ہوچکے تھے البومین کا اخراج ابھی ہورہا تھا۔کالچیکم کو بند کرکے باقی دواؤں کے ساتھ کلکیریا فاس 6 دی اور تین ہفتے کی دوا دے دی ۔ الحمدللہ تین ہفتوں بعد مریض مکمل طور پر صحتیاب ہو چکا تھا ۔

کلینکل ٹپس

مشت زنی سے ہونے والی سستی۔ تھکاوٹ،لیٹے رہنے کی خواہش،ٹانگوں میں تھکن کے لئیے بیلس پیرینس 200 بطور ٹانک کام کرتی ہے۔

ہومیو ڈاکٹر شمسہ کنول ۔

ماہر برائے بانجھ پن و جنسی امراض زنانہ و مردانہ۔

اکثر بابے مجھ سے جنسی کمزوری کا علاج کراتے رہتے ہیں سردیاں شروع ہونے والی ہیں تو ویسے ہی آجکل زیادہ رش جنسی امراض والوں کا ہی ہوتا ہے یہ تو پتہ نہی کون تھی دو تین دن پہلے ایک اماں جی نے مجھے بہت گندی گندی گالیاں دیں اور کافی دیر تک دیتی رہیں حرامدی گندی نسل،فلاں فلاں کہتی ساڈے پوتے دوتے جوان ہوگئے اپنے پیو نو دے طاقت دیاں دوائیاں،کھل کے تو نہی بتاسکتی لیکن اس کی گالیوں کی وجہ بابا جی کی جنسی صحت کا علاج ہی

تھا۔ایک طرف دکھ بھی تھا گالیوں کا دوسری طرف ایک اور کیس کور ہونے کی خوشی بھی تھی ۔

کلینکل ٹپس

ایک گوری چٹی موٹی عورت کو جب بھی ماہواری آتی قبض ہوجاتی ساتھ ہی مقعد جیسے چر جاتی تھی۔جب واش روم جاتی تو چینخیں نکل جاتی۔گریفائٹس سے آرام آیا۔

کلینکل ٹپس

ایک عورت نے اپنی بیٹی کا حمل ضائع کرنے کے لئیے کسی کے کہنے پر کشمش کا قہوہ پلایا تو بلیڈنگ شروع ہوگئ۔بلیڈنگ اتنی زیادہ تھی کہ بیڈ کے گدے کو تر کرکے نیچے تک آرہا تھا۔نیچے جیسے نالی سی بن گئ تھی خون کی۔کچھ گھنٹے اور گذر جاتے تو شاید لڑکی جان سے ہی ہاتھ دھو بیٹھتی۔میں نے فوری طور پر اسے اسٹیلیگو Q.ملی

فولیم Q.کی جلدی جلدی چند خوراکیں دہرائیں اور ساتھ ہی فیرم فاس 200 اور اپیکاک 200 کی چند خوراکیں نیم گرم پانی میں ڈال کر دیں الحمدللہ کچھ ہی دیر بعد بلیڈنگ بلکل کم ہو گئ تو دوا کا وقفہ بڑھا دیاشام تک بلیڈنگ بلکل ختم ہوگئ دوسرے دن سے پائروجینم کی چند خوراکیں تاکہ اندر کوئ مسلہ رہ گیا ہو تو زہریلا پن ختم ہوجائے۔

کلینکل ٹپس

استاد محترم گلزار صاحب اکثر کہتے تھے کہ اگر اللہ پاک نے عورت میں ذائقہ نہ رکھا ہوتا تو اکثر مرد اسے کھاتا بھی نہ دیتےلیکن اکثر مرد مشت زنی ودیگر غیر فطری عوامل کے ذریعے جنسی طاقت کھو بیٹھتے ہیں اور اس لذت سے ہی محروم ہو جاتے ہیں۔(سٹیفی۔ بائیو سائمس۔ اسٹیلیگو۔ اوری گینم) ۔اور ذہن میں فطری شرمندگی چھا جاتی ہے جس کی وجہ سے شرمندگی کے باعث کسی معالج سے علاج بھی نہی کراسکتے۔ اگر معالج کے پاس جانے کا حوصلہ کربھی لیں تو

اکثر ڈاکٹروں کے تیکھے چبھتے سوالوں سے بچائے علاج کے الٹا شرمندہ ہو کر واپس آجاتے ہیں۔ یہ بھی باقی مرضوں کی طرح ایک مرض ہے اس کا بھی اگر باقی مرضوں کی طرح علاج نہ کرایا جائے تو یہ بھی ناسور کی شکل اختیار کر لیتا ہے۔ جو جسم اور ذہن کو اندر ہی اندر کھا جاتا ہے۔

اور ہاں جو اپنے نام کے ساتھ بڑے بڑے القاب لگاتے ہیں ان میں اکثریت اندر سے کھوکھلے ہوتے ہیں ۔ایک صاحب میرے پاس علاج کرانے آئے اور آتے ہی تعارف کرایا کہ میں الحاج فلاں فلاں ہوں پھر مرض بتانے لگے تو میں نے کہا رہنے دیں مجھے آپکی مرض سمجھ آگئ ہے اور سٹیفی 1m کی پانچ خوراکیں دے دیں ۔ الحمدللہ اسی سے اس کے سارے مسائل حل ہو گئے سینئیر ڈاکٹر حضرات کمنٹ میں بتائیں اسے صحیح دوا دی یا غلط

Tharombocytosis

پلیٹلیٹس اگر زیادہ ہو

کا کسی نے علاج کیا وہ ڈاکٹر صاحبان جواب دے تجربہ شدہ۔

کتابی باتیں نہی وہ ہمکو پتہ ہے

بڑھے ہوئے ٹانسلز کا ایک کیس

دوستو یہ ایک 9 سال کی بچی کا کیس ھے جو تقریباً 10سال پہلے گلے اور خاص کر ٹانسلز کی انتہائی شدید انفیکشن میں میرے پاس آئی تھی اب کل کسی اپنے اور مسئلے کے لیے دوبارہ اپنی والدہ کے ساتھ آئی تو اسکی ماں نے خود ھی بتا دیا کہ ڈاکٹر صاحب آپ کے علاج سے میری بیٹی ٹانسلز کے آپریشن سے بچ گئی تھی اور اسکے بعد سے آج تک اسے کبھی ٹانسلز کا مسئلہ نہیں ھوا اس کی ماں نے بتایا کہ ھم لوگ اس کے ٹانسلز کے آپریشن کا فیصلہ کر

چکے تھے کہ کسی نے آپ کے بارے میں بتایا تو ہم آپ کے پاس چلے آئے مجھے بھی یہ کیس یاد آنے لگا اور میں نے اس کا درج ریکارڈ کمپیوٹر سے نکال کر یہ کیس آپ کے ساتھ بھی شئیر کرنے کا فیصلہ کر لیا

دوستو یہ بچی جب میرے پاس آئی تھی تو شدید سردی کا مہینہ تھا اور اس بچی کے گلے میں ٹانسلز میں شدید انفیکشن تھی بچی گلے کو ھاتھ بھی نہیں لگانے دیتی تھی کیونکہ ذرا سا چھونے سے گلے میں شدید درد ھوتا تھا اسے شدید کھانسی بھی تھی اور بخار بھی 103 تک ھو جاتا تھا اسکی والدہ نے بتایا کہ اسکو مکمل ڈھانپ کر بستر میں رکھا جائے تو اسے سکون رہتا ھے اور بستر سے باہر اگر جسم کا کوئی ایک حصہ ھاتھ یا پاؤں یا سر باہر نکل جائے تو اسے شدید کھانسی شروع ھو جاتی ھے

دوستو ان علامات کی بنا پر میں نے ہیپر سلف 200 کی ایک خوراک دی اور کل دوبارہ آنے کے لیے کہا کل جب بچی دوبارہ آئی تو اسکی والدہ نے بتایا کہ یہ ساری رات بالکل ٹھیک سوئی رہی ہے میں نے مزید تسلی دی کہ انشاء اللہ اب یہ بالکل ٹھیک ہو جائے گی اور ایک ہفتہ کے جو پلاسنبو دیے تھے جاری رکھنے کا مشورہ دیا

ایک ہفتہ میں بچی کافی زیادہ بہتر تھی گلہ چیک کیا تو ٹانسلز بھی کافی بہتر تھے لیکن ابھی بھی کافی بڑھے ہوئے تھے لیکن کیونکہ مجموعی طور پر بچی بہتر تھی اس لیے ایک ہفتہ کے مزید پلاسنبو بنا کر دے دیے ہفتہ بعد جب بچی کا معائنہ کیا تو اس بار کوئی خاطر خواہ مزید فرق نہیں پڑا لہذا میڈیسن یعنی ہیپر سلف کی طاقت بڑھا کر 1m میں ایک خوراک دے دی اور ساتھ ایک ہفتہ کے پلاسنبو لیکن بچی جب ہفتہ بعد آئی تو بھی اس کے ٹانسلز کی حالت جوں کی توں تھی

لہذا میں نے کیس پر مزید غور کرنا شروع کر دیا یہ درست تھا کہ جب بچی پہلی دفعہ آئی تو اسکی علامات ہیپر سلف کا تقاضا کر رہی تھی اس لیے ہیپر سلف نے بچی کی حاد کنڈیشن کو بہتر بھی کیا لیکن جب بچی کو مزاجاً Observe کیا تو اس بچی کا مزاج اور رویہ بالکل بھی ہیپر سلف کی طرح کا نہیں تھا کیونکہ ہیپر سلف بچے بہت منہ پھٹ اور غصے والے ہوتے ہیں اور اکثر بدتمیز بھی ہوتے ہیں لیکن یہ بچی ایسی بالکل نہیں تھی یہ بہت معصوم اور بھولی بھالی سیدھی سادھی بچی تھی

میں نے اسکی ماں سے کنفرم بھی کیا تو اس نے بھی اس بات کی تصدیق کی کہ میری بچی ایسی ہی ہے معصوم اور بھولی بھالی لہذا دوا میں اب کوئی بھی مشکل نہیں تھی اس لیے بریٹا کارب cm کی ایک خوراک دی اور ساتھ دو ہفتوں کے پلاسنبو دے کر دوبارہ آنے کو کہا دو ہفتوں بعد بچی کا دوبارہ معائنہ کیا تو پہلے سے ٹانسلز تھوڑے بہتر تھے اور مجموعی طور پر بچی بھی بہتر تھی

لہذا پلاسنبو دے کر دو ہفتوں بعد دوبارہ آنے کا کہا گیا اگلے دو ہفتوں میں مزید بچی کے ٹانسلز بہتر تھے لہذا بچی کی ماں نے کہا ڈاکٹر صاحب اب ایک مہینے کی میڈیسن دے دیں ایک مہینے کے مزید پلاسنبو بنا دیے مہینے بعد بچی کو واضح فرق تھا ٹانسلز آدھے سے زیادہ ٹھیک ہو چکے تھے اور بچی کے گھر والے بھی علاج سے بہت خوش اور مطمئن تھے مزید ایک مہینے کے پلاسنبو کے بعد بچی کے ٹانسلز بالکل ٹھیک ہو چکے تھے

اب یہ بچی میڈیکل کی سٹوڈنٹ ھے لیکن اسے کبھی بھی یہ مسئلہ دوبارہ نہیں ہوا

دوستو اس طرح ھومیوپیتھی کے وسیلے سے اس بچی کو اللہ تعالیٰ نے مکمل شفا عطا فرمائی اور آپریشن سے بچا لیا

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

ایک مریضہ ہے جسکی عمر 24 سال ہے

(Bipolar disorder)

تیرہ سال کی عمر سے یہی مسئلہ ہے

ذہنی توازن ٹھیک نہیں ہے

گالیاں دینا

لڑنا جھگڑنا

ہر وقت منہ سے تھوکنا

رات کو نہ سونا

ایلوپیتھک گولیاں

کیمپرو ٹیبلیٹ 5 ایم جی

ڈوسک ٹیبلیٹ 5 ایم جی

اس کے استعمال سے پرسکون اور نیند بھی کرلیتے ہیں

لیکن جب دو دن نہ کھائے پھر وہی مسئلہ ہوتا ہے

ہومیو پیتھک میں کینا بس انڈیکا 200 بھی ایک مہینہ تک استعمال کی ہے لیکن فرق نہیں پڑا

اس کی والدہ کو بھی یہی پروبلم ہے

ہومیو پیتھک کے کوئی آزمودہ اور مجرب میڈیسن تجویز کردیں

